رہبر معظم نے ایک حکم میں آقائ سعیدی کو حضرت معصومہ کے حرم کا متولی مقرر کیا ہے - 9 /Dec/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اپنے ایک حکم میں حجۃ الاسلام والمسلمین جناب آقائ حاج سید محمد سعیدی کو حضرت فاطمہ معصومہ سلام اللہ علیہا کے نورانی حرممبارک اور اسسے وابستہ مراکز اور جائداد کا متولی منصوب کیا ہے۔

رہبر معظم کے حکم کا متن حسب ذیل ہے:

جناب حجۃ الاسلام والمسلمین آقائ سید محمد سعیدی دامت افاضاتہ

جناب حجۃ الاسلام والمسلمین آقائ مسعودی خمینی حفظہ اللہ کی حضرت فاطمہ معصومہ سلام اللہ علیہا کے حرم مطہر کے سلسلے میں گرانقدر اور یادگار خدمات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے جناب عالی کو حضرت فاطمہ معصومہ سلام اللہ علیہا کے نورانی حرممبارک اور اسسے وابستہ مراکز اور جائداد کا متولی منصوب اور مقرر کرتا ہوں اور امید وار ہوں کہ حرم مبارک جو عظیم حوزہ علمیہ کے محور پر استوار ہے اس کی خدمتگذاری کی توفیق کا یہ شرف و مقام و منزلت آپ کے لائق و سزاوار ہے کیونکہ آپ خودفضل و تقوی کے اوصاف سے آراستہ اور علم و شہادتکے خاںادن سے منسلک ہیں ۔

آپ کی عظیم و اہم ذمہ داری یہ ہے کہ آپ سنجیدگی کے ساتھ اس صاحب کرامتبارگاہ اور اس سے وابستہ مراکز اور جائداد کی حفاظت و نگہداری کی تلاش و کوشش کریں اور حرم کے زائرین اور مجاورین کی آسائش و سہولیات فراہم کرنےکے لئے جد وجہد اور اہلبیت علیہم السلام کے معارف کی نشر و اشاعت، محرومین و مستضعفین کی خدمت اور علم و معنویت کے اس عظیم مرکز کی بہترانداز میں توسیعاور تعمیر کے سلسلے میں اپنا کردار ایفا کریں۔